زبان اور شگفتہ اسلوب کی حامل اس کتاب سے خواص اور عامۃ الناس دونوں یکساں طور پر مستفید ہوسکتے ہیں، اپنے موضوع پر یہ کاوش ایک بہتریں تحفہ اور قیمتی سوغات ہے۔

- هدية القاری فی تجوید كلام الباری تالیف: استادالقرآء قاری بخت منیر مخلص

ضخامت: ۱۶۰ صفحات ناشر: مکتبہ محمدیہ،خوشبومحل دوبیان روڈ خوروچوک صوابی، 03469753328

زیرتبصرہ کتاب ”هدية القاری فی تجوید كلام الباری “محترم استاد القراء قاری بخت منیر مخلص کی تصنیف ہے جس میں انہوں نے تجوید کے مختلف کتابوں کی آسان تلخیص پیش کی ہے، مؤلف موصوف خود ایک جید قاری اور قراءت سبعہ عشر کے ماہر ہیں، یہ مجموعہ تجوید القرآن سے وابستہ قراء اور اساتذہ وطلبہ کیلئے ایک رہنما کتاب ہے،عوام الناس بھی اس سے استفادہ کرسکتے ہیں۔

- افادات وملفوظات عزیزیہ افادات: شاہ عبدالعزیز صاحب دعاجو دہلوی

انتخاب وتالیف: مولانا عتیق الرحمٰن ضخامت:۱۷۶ صفحات ناشر: القاسمی اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد نوشہرہ

حضرت شاہ عبدالعزیز دعاجو دہلویؒ معروف اور مشہور ہستیوں میں سے ایک تھے، امت کا درد اور اسکی اصلاح کی فکر کوشاہ صاحب نے اپنی زندگی کا مقصد بنالیا تھا، وہ اس فکر ہی میں ہر وقت محو رہتے تھے اوران کے مجالس میں اصلاحی وہ علمی بیانات ہوا کرتے تھے،مولانا عتیق الرحمان صاحب ان کی مجالس میں اکثر شرکت کیا کرتے تھے اور ان کی پر حکمت اور لطیف باتوں سے لطف اندوز ہونے کیساتھ ساتھ اسے ضبط تحریر میں بھی لاتے تھے، زیر تبصرہ کتاب شاہ عبدالعزیز دعاجو دہلویؒ کے ملفوظات وارشادات کا مجموعہ ہے جسے مولانا عتیق الرحمٰن صاحب نے مرتب کیا ہے بظاہر ایک چھوٹی سی کتاب ہے لیکن ان ملفوظات میں بہت سارے علوم کو جمع کیا گیا ہے، بات بات میں علم وعمل کا حسین امتزاج نظر آتا ہے،اہل علم کے لیے یہ قیمتی تحفہ اور انمول سوغات ہے۔

- حدیث کے اصلاحی مضامین مؤلف: مولانا مفتی احمد خانپوری صاحب

ضخامت: ۳۵۶ صفحات ناشر: مکتبہ الایمان کراچی 03323552382

حضرت مولانا احمد خانپوری مولانا مفتی محمود الحسن گنگوہی کے خلیفہ ہیں،موصوف ایک جید عالم دین اور علم وعمل سے معمور شخصیت ہیں، وہ جامعہ تعلیم الدین ڈابھیل گجرات کے استاد حدیث بھی ہیں اور عوام الناس کے اصلاح اور باطنی تزکیہ کا اہتمام بھی اپنے دروس اور ارشادات سے فرماتے تھے،وہ ضلع سورت انڈیا میں ہفتہ وار درس حدیث دیا کرتے تھے جس سے عوام الناس اور خواص یکساں طور پر